**20.08.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... ضمیر رضوی

**Music**

-------------------------------

☆ آن لائن گیمنگ کے فروغ اوت انضباط سے متعلق بل آج لوک سبھا میں پیش کیا گیا۔ یہ بل، ای اسپورٹس اور آن لائن سوشل گیمز کی حوصلہ افزائی کرتا ہے، آن لائن منی گیمنگ، اقتصادی لین دین اور اشتہارات سے روکتا ہے۔

☆ نائب صدر کے عہدے کے NDA کے امیدوار سی پی رادھا کرشنن نے آج اپنے کاغذات نامزدگی داخل کیے۔ اِس موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی اور دیگر سینیئر وزراء اور اتحادی موجود تھے۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج ماسکو میں روس کے ساتھ بین حکومتی کمیشن کی مشترکہ صدارت کریں گے۔ جناب جے شنکر بھارت-روس بزنس فورم کی میٹنگ سے خطاب بھی کریں گے۔

☆ مہاراشٹر اور ہماچل پردیش میں بارش کی شدر میں کمی آئی ہے۔

-----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل

**LS- Online Gaming Bill**

الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو نے آج لوک سبھا میں آن لائن گیمنگ کے فروغ اور نظم وضبط بل-2025 پیش کیا۔ یہ بل نقصان دہ آن لائن گیمنگ خدمات، اشتہارات اور اس سے متعلق اقتصادی لین دین کو روکتے ہوئے ای- اسپورٹس اور آن لائن سوشل گیمس کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ اس بل میں ایک آن لائن گیمنگ اتھارٹی قائم کرنے کی بات کہی گئی ہے، جو پالیسی، اسٹریٹجک پیش رفت اور اس شعبے کی انضباطی نگرانی کرے گی۔ اس بل کا مقصد اس طرح کے کھیلوں کے سماجی، اقتصادی، نفسیاتی اور نجی نقصانات سے لوگوں، خاص طور سے نوجوانوں کی حفاظت کرنا ہے۔ یہ بل اقتصادی نظام کے تانے بانے کی حفاظت کرے گا۔ یہ لوگوں کے مفاد کیلئے ایک قومی سطح کا لائحہ عمل تیار کرے گا۔

یہ بل نوجوانوں کی آن لائن ریئل منی گیمنگ ایپس کا شکار بننے سے حفاظت کرے گا۔ اس طرح کے ایپس، گمراہ کُن فائدوں کی بات کرتے ہیں، جس سے خاندان اقتصادی طور پر دباؤ میں آجاتا ہے۔ اس بل میں پیسوں سے متعلق آن لائن گیم کو چلانے یا رقم پیش کرنے پر مکمل طور پر پابندی کی بات کہی گئی ہے، بھلے ہی یہ پیشکش مہارت، قسمت یا دونوں پر مبنی ہو۔ اس قانون کی خلاف ورزی کرنے پر تین سال اور ایک کروڑ روپے تک کا جرمانہ کرنے کی بات کہی گئی ہے۔×

**LS- Parl Bills**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، جموں وکشمیر کے موجودہ تنظیم نو قانون-2019 میں مزید ترمیم کیلئے جموں وکشمیر تنظیم نو ترمیمی بل-2025 آج لوک سبھا میں پیش کریں گے۔ توقع ہے کہ سیشن کے دوران جناب شاہ آئین میں 130 ویں ترمیمی بل-2025 اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی سرکار کے ترمیمی بل-2025 کو بھی پیش کریں گے۔×

**Radhakrishnan Nomination**

نائب صدر کے عہدے کے لیے NDA کے امیدوار سی پی رادھاکرشنن نے پارلیمنٹ ہاؤس میں آج اپنے کاغذات نامزدگی داخل کیے۔ اِس موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی، مرکزی وزراء امت شاہ، راجناتھ سنگھ، جے پی نڈّا، کرن رجیجو اور NDA اتحاد کے دیگر رہنماء، LJP رام وِلاس کے چراغ پاسوان، جنتا دَل یونائیٹڈ کے راجیو رنجن سنگھ اور NCP کے پرفُل پٹیل موجود تھے۔ نائب صدر کے انتخاب کے لیے اپنے کاغذات نامزدگی داخل کرنے سے پہلے سی پی رادھا کرشنن نے پارلیمنٹ ہاؤس احاطے میں واقع پریرنا اِستھل پر گلہائے عقیدت پیش کیے۔ پریرنا اِستھل، وہ جگہ ہے، جہاں بھارت کے سرکردہ رہنماؤں اور مجاہدینِ آزادی کے مجسمے نصب ہیں۔

جناب رادھا کرشنن نے سب سے پہلے بابائے قوم مہاتما گاندھی کے مجسمے کے آگے سر جھکایا اور اُس کے بعد دیگر شخصیات کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ نائب صدر کا انتخاب 9 ستمبر کو ہوگا۔×

**Jaishankar Russia**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج ماسکو میں تجارتی، اقتصادی، سائنسی، تکنیکی اور ثقافتی اشتراک سے متعلق بھارت-روس بین حکومتی کمیشن کے 26 ویں اجلاس کی مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔ ڈاکٹر جے شنکر بھارت-روس کاروباری فورم کی میٹنگ سے بھی خطاب کریں گے۔

وہ روس کے تین دن کے سرکاری دورے پر کل شام ماسکو پہنچے ہیں۔ ڈاکٹر جے شنکر روس کے وزیر خارجہ Sergey Lavrov سے بھی ملاقات کریں گے اور باہمی ایجنڈے کا جائزہ لیں گے اور علاقائی اور عالمی امور پر اپنا نقطۂ نظر پیش کریں گے۔

وزیر خارجہ کے اس دورے کا مقصد طویل عرصے سے قائم وقت کی کسوٹی پر کھرے اترنے والے بھارت-روس خصوصی اور مراعات والے کلیدی تعلقات اور ساجھے داری کو مزید مستحکم بنانا ہے۔

جناب جے شنکر کے اس دورے سے قبل قومی سلامتی کے مشیر اجیت دوبھال بھی حال ہی میں ماسکو گئے تھے، جہاں انہوں نے روس کے صدر ولادیمیر پتن، اوّل نائب وزیر اعظم Manturov اور سلامتی کونسل کے سکریٹری Sergei Shoigu کے ساتھ تبادلۂ خیال کیا تھا۔×

**Himachal-Weather**

ہماچل پردیش کے کچھ ضلعوں میں رُک رُک کر بارش ہونے کا سلسلہ جاری ہے۔ خراب موسم کے پیش نظر کلّو ضلع کے

منالی سب ڈویژن اور Una ضلع کے Gagret اور Amb سب ڈویژنوں میں تمام تعلیمی اداروں کو آج بند کردیا گیا ہے۔ باندھوں میں پانی کی سطح بڑھنے کے سبب مسلسل پانی چھوڑا جارہا ہے اور لوگوں سے الرٹ رہنے کو کہا گیا ہے۔ کانگڑا ضلع کے Pong باندھ سے اب تک 65 ہزار 846 کیوسِک پانی چھوڑا گیا ہے۔ ریاست کے ہنگامی حالات سے نمٹنے کے مرکز کی رپورٹ کے مطابق پوری ریاست میں بارش سے متعلق واقعات میں 276 افراد کی موت ہوچکی ہے۔ اُدھر مٹی کے تودے گرنے کی وجہ سے تین قومی شاہراہوں سمیت 359 کو بند کردیا گیا ہے۔ ریاست میں 25 اگست تک Yellow الرٹ جاری کیا گیا ہے۔×

## Mumbai-Rain

ممبئی میں چار دن کی موسلادھار بارش کے بعد آج صبح ہلکی بارش ہوئی ہے۔ بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے ممبئی، تھانے اور پال گھر کیلئے آج اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ وسطی، مغربی اور ہاربر لائن جیسی ممبئی کی مضافاتی ریل خدمات اور BEST بس خدمات ٹھیک طرح کام کررہی ہیں۔ IMD نے رائے گڑھ کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ پنویل میونسپل کارپوریشن نے علاقے میں اسکولوں کی ایک دن کی چھٹی کا اعلان کیا ہے۔ IMD نے پُنے کے گھاٹوں کیلئے بھی ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔×

## Karnataka-Rain

جنوب مشرقی مدھیہ پردیش اور گجرات اور مہاراشٹر کے ساحلوں کے سمندر میں طوفانی دباؤ بنا ہوا ہے، جس کی وجہ سے شمالی کرناٹک میں شدید بارش ہونے کی اطلاعات ہیں۔ محکمہ موسمیات نے بیلگاوی اور اُتر کنڑ ضلعوں میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ مزید تفصیلات ہمارے نامہ نگار سے۔×

## PM-Scindia-Article

وزیراعظم نریندر مودی نے آج ایک قومی روزنامے میں مواصلات کے وزیر جیوترآدتیہ سندھیا کے ذریعہ لکھا گیا ایک مضمون شیئر کیا ہے، جس کا موضوع ہے

**"Hooking Upto the Next Tele Level"**

سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب مودی نے یہ بتایا کہ جناب سندھیا، کس طرح اس بات کو اُجاگر کررہے ہیں کہ بھارت کی ترقی میں سستے براڈ بینڈ، UPI اور ڈیجیٹل حکمرانی کا تعاون اب پوری دنیا کیلئے قابل مطالعہ بن گیا ہے۔ اپنے مضمون میں مرکزی وزیر نے 5-G، AI، انٹرنیٹ سے چلنے والی عام زندگی سے متعلق اشیاء اور سائبر سکیورٹی کی اگلی لہر کی اہمیت کو اجاگر کیا۔×

## Rekha Gupta Attack

دلّی پولیس نے، دلّی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا پر حملہ کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا ہے۔ یہ حملہ قومی راجدھانی میں اُن کی رہائش گاہ پر ہوا تھا۔ BJP نے اس حملے کی مذمت کی ہے۔ دلّی BJP کے صدر ویریندر سچدیوا نے بتایا کہ موقع پر موجود

لوگوں نے ملزم کو پکڑ لیا اور پولیس نے مزید تفصیلات حاصل کرنے کیلئے تحقیقات شروع کردی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ڈاکٹروں نے وزیراعلیٰ کا طبی معائنہ کیا ہے اور فی الحال اُن کی حالت مستحکم ہے۔

**S/B Virendra Sachdeva PTI News**

دلّی کابینہ میں وزیر پرویش صاحب سنگھ نے بھی دلّی کی وزیراعلیٰ پر ہوئے حملے کی مذمت کی ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب سنگھ نے کہا کہ یہ حملہ انتہائی قابل مذمت ہے اور جمہوری اقدار پر براہ راست حملہ ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ جمہوری عمل کو نقصان پہنچانے کی کسی کوشش کو، کسی حال میں بھی برداشت نہیں کیا جائے گا۔

عام آدمی پارٹی کی رہنماء اور دلّی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر آتشی نے بھی اس حملے کی مذمت کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں آتشی نے کہا کہ جمہوریت میں احتجاج اور اختلاف رائے کیلئے جگہ ہے، لیکن تشدد کیلئے کوئی جگہ نہیں ہے۔×

## Kerela Army Bike Rally

کیرالہ میں بھارتی فوج کی مدراس رجیمنٹ کی ''ویر یاترا بائک ریلی'' جاری ہے۔ مدارس رجیمنٹ کے قیام کے 250 سال مکمل ہونے پر منعقد کی جارہی اِس ریلی میں الیکٹرک موٹر سائیکلوں کے ذریعے روایت اور جدت طرازی کے امتزاج کی نمائش کی جارہی ہے۔ کیرالہ اور تمل ناڈو کے 23 مقامات پر رُکتے ہوئے یہ ریلی 1 ہزار 359 کلو میٹر کا سفر طے کرے گی۔ بائک ریلی کا مقصد سابق فوجیوں کو شامل کرتے ہوئے بھائی چارے، احترام اور تشکر کے جذبے کو تقویت دینا ہے۔×

## Rev. Parl Adjourn

بہار میں ووٹر فہرستوں پر نظر ثانی کی خصوصی مہم، SIR سمیت مختلف معاملات پر شور وغل اور ہنگامہ آرائی کی وجہ سے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی دو پہر 2 بجے تک کے لیے ملتوی کردی گئی۔

پہلی مرتبہ ملتوی کیے جانے کے بعد جب لوک سبھا کی کارروائی دو پہر 12 بجے دوبارہ شروع ہوئی تو الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے اپوزیشن کے ہنگامے کے درمیان آن لائن گیمنگ کے فروغ اور منضبط کرنے سے متعلق بل 2025 متعارف کیا۔ اِس دوران پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے اپوزیشن اراکین کی جانب سے ایوان کی کارروائی میں رخنہ ڈالنے پر اعتراض جتایا۔

انہوں نے کہا کہ اپوزیشن گذشتہ 3 دن سے ایوان کی کارروائی میں رخنہ ڈال رہی ہے اور بین الاقوامی خلائی اسٹیشن سے واپس لوٹے گروپ کیپٹن شبھانشو شکلا کی حصولیابی پر خصوصی بحث بھی نہیں کرنے دے رہی ہے۔ جناب رجیجو نے اِسے افسوس ناک قرار دیا۔

**SB - Kiren Rijiju**

اِس دوران اپوزیشن اراکین نے پارلیمانی امور کے وزیر کی اپیل پر کوئی توجہ نہیں دی اور اپنا احتجاج جاری رکھا، جس کے نتیجے میں لوک سبھا کی کارروائی دو پہر 2 بجے تک کے لیے ملتوی کردی گئی۔ اِس سے پہلے لوک سبھا کی کارروائی جب صبح 11 بجے شروع ہوئی تو اپوزیشن پارٹیوں نے SIR کے معاملے پر بحث کا مطالبہ کرتے ہوئے احتجاج شروع کردیا۔

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے مظاہرے کررہے اراکین پارلیمنٹ کے تئیں ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایوان کی کارروائی میں رخنہ ڈالنا مناسب نہیں ہے۔ اِس اپیل کے باوجود اپوزیشن اراکین پارلیمنٹ کا احتجاج جاری رہا، جس کے نتیجے میں اسپیکر نے ایوان زیریں کی کارروائی دو پہر 12 بجے تک کے لیے ملتوی کردی۔

راجیہ سبھا میں بھی کُچھ اِسی طرح کی صورتحال رہی۔ پہلی مرتبہ ملتوی کیے جانے کے بعد جب راجیہ سبھا کی کارروائی دوبارہ شروع ہوئی تو صدرنشیں نے وقفہٗ سوال چلانے کی کوشش کی، تاہم اپوزیشن اراکین نے اپنے مظاہرے جاری رکھے۔ شور وغل اور ہنگامہ آرائی کے درمیان راجیہ سبھا کی کارروائی دو پہر 2 بجے تک کے لیے ملتوی کردی گئی۔

اِس سے قبل جب صبح 11 بجے راجیہ سبھا کی کارروائی شروع ہوئی تو ڈپٹی چیئرمین ہری ونش نے بتایا کہ اُنہیں مختلف سیاسی جماعتوں کی جانب سے کئی معاملوں پر التواء سے متعلق 18 نوٹسز موصول ہوئے ہیں، جنہیں ضوابط کے مطابق مسترد کردیا گیا ہے۔ اِس کے بعد اپوزیشن اراکین نے نعرے بازی شروع کردی۔ جناب ہری ونش نے وقفہٗ صفر چلانے کی کوشش کی اور کہا کہ یہ اراکین کے کام کاج کا وقت ہوتا ہے، جہاں وہ عوامی اہمیت کے حامل معاملوں کو اُٹھا سکتے ہیں۔ ہنگامہ آرائی پھر بھی جاری رہی، جس کے بعد ڈپٹی چیئرمین نے ایوان بالا کی کارروائی دو پہر 12 بجے تک کے لیے ملتوی کردی۔×

## Durand Cup

آج کولکاتا میں 134 ویں Durand کپ کے سیمی فائنل میں مشرقی بنگال کا مقابلہ ڈائمنڈ ہاربر FC سے ہوگا۔ مشرقی بنگال کیلئے یہ مقابلہ بہت اہمیت کا حامل ہے، کیونکہ اُس نے موہن بگان کو ہرایا ہے۔ دوسری جانب ڈائمنڈ ہاربر FC، محمڈن اسپورٹنگ اور جمشید پور FC کو ہراکر سرخیوں میں ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆